# اپنے حقوق جانیں

## آپ کو امریکہ میں کام کرتے ہوئے حقوق حاصل ہیں۔

قومی انسداد انسانی اسمگلنگ ہاٹ لائن ۱-۸۸۸-۳۷۳-۷۸۸۸

(امریکہ کے اندر)

"مدد" لکھ کر ۲۳۳۷۳۳ پر میسیج کریں (امریکہ کے اندر) یا ہیومین ٹریفکنگ ہاٹ لائن پر ای میل کریں۔ (HELP@HUMANTRAFFICKINGHOTLINE.ORG)









## اپنے حقوق جانیں

جب آپ امریکہ میں مقیم ہوں، آپ کو درج ذیل حقوق حاصل ہیں:

- منصفانہ تنخواہ پانے کا حق
- صحت مند اور محفوظ کام کی جگہ پر کام کرنے کا حق
- یونین، تارکین وطن، اور مزدور حقوق کے گروپوں/یونین سے مدد مانگنے کا حق
- غیر محفوظ نوکری چھوڑنے کا حق
- امتیاز، ہراسانی، اور استحصال سے آزادی کا حق

**ان حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لیے MigrantWorker.gov پر جائیں۔**

اگر آپ کے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے، تو قومی انسداد انسانی اسمگلنگ ہاٹ لائن سے ۷۸۸۸-۳۷۳-۸۸۸-۱ پر رابطہ کریں (امریکہ کے اندر)، "مدد" لکھ کر ۲۳۳۷۳۳ پر میسج کریں (امریکہ کے اندر)، یا humantraffickinghotline.org/help پر ای میل کریں۔

یہ کالز گمنام، خفیہ، اور محفوظ رکھی جاتی ہیں چاہے امیگریشن کی حیثیت کچھ بھی ہو۔ تربیت یافتہ ماہرین ۲۰۰ سے زیادہ زبانوں میں مدد کے لیے دستیاب ہیں۔ مزید معلومات کے لیے humantraffickinghotline.org پر جائیں۔

**اگر آپ امریکہ میں ہوں اور آپ کو کسی فوری خطرے کا سامنا ہو، تو مقامی پولیس سے رابطہ کرنے کے لیے ۹۱۱ پر کال کریں۔ ہنگامی صورتحال، اپنی جگہ، اور جس فون نمبر سے کال کر رہے ہیں، وہ بتائیں۔ اگر ضرورت ہو تو مترجم دستیاب ہیں۔**

اگر آپ نے اے-۳، جی-۵، ایچ، جے، نیٹو-۷، ٹی این، یا بی-اگھریلو ملازمت غیر امیگرنٹ ویزا کے لیے درخواست دی ہے، تو آپ کو یہ پمفلٹ یا تو:

- اپنے جاری کردہ ویزا کے ساتھ ملے گا (اگر آپ کا انٹرویو نہیں ہوا)، یا
- اپنے ویزا انٹرویو کے دوران ملے گا، جب کونسلر آفیسر کو یہ تصدیق کرنی ہوگی کہ آپ نے یہ پمفلٹ وصول کر لیا ہے، پڑھ لیا ہے، اور اس کی معلومات کو سمجھ لیا ہے، اس سے پہلے کہ آپ کو ویزا جاری کیا جائے۔

امریکی کونسلر آفیسرز آپ کو امریکہ میں آپ کے حقوق سمجھنے میں مدد کرنا چاہتے ہیں اور آپ کے کسی بھی سوال کا جواب دینے کے لیے دستیاب ہیں۔

آپ امریکہ میں اپنے قونصل خانے سے بھی مدد حاصل کر سکتے ہیں، جو امریکی محکمہ لیبر قونصل پارٹنرشپ پروگرام (سی پی پی) کے ذریعے کام کرتا ہے۔ سی پی پی کے تحت، آپ کا قونصل خانہ آپ کی مدد کر سکتا ہے، وسائل تلاش کرنے میں آپ کی رہنمائی کر سکتا ہے، اور اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو شکایت درج کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ پارٹنر ممالک کی فہرست کے لیے درج ذیل ویب سائٹ پر جائیں:

dol.gov/general/migrantworker/support

U.S. DEPARTMENT of STATE

## چاہے آپ کی امیگریشن کی حیثیت کچھ بھی ہو، آپ کے حقوق ہیں۔

آپ کا آجر آپ کو آپ کے حقوق استعمال کرنے پر برطرف نہیں کر سکتا، آپ کے ساتھ بدسلوکی نہیں کر سکتا، یا آپ کی تنخواہ دینے سے انکار نہیں کر سکتا۔

## آپ کو درج ذیل حقوق حاصل ہیں:

### ۱۔ منصفانہ تنخواہ پانے کا حق

- آپ کے آجر کو آپ کے تمام کام کی ادائیگی کرنی چاہیے۔ زیادہ تر نوکریوں کے لیے آپ کے آجر کو آپ کو کم از کم وفاقی قانونی کم سے کم اجرت ادا کرنی چاہیے۔
- اگر آپ کسی ایسی ریاست، شہر، کاؤنٹی، یا علاقے میں کام کرتے ہیں جہاں کم سے کم اجرت کی شرح زیادہ ہے، تو آپ کے آجر کو آپ کو وفاقی کم سے کم اجرت سے زیادہ ادا کرنا چاہیے۔
- آپ کے کام کے معاہدے یا ویزا پروگرام میں اس کا تقاضا کیا گیا ہو۔
- **اگر آپ ہفتے میں ۴۰ گھنٹے سے زیادہ کام کرتے ہیں، تو آپ کے آجر کو اضافی گھنٹوں کے لیے آپ کی عام تنخواہ کا ۱.۵ گنا ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کی تنخواہ ۱۰ ڈالر فی گھنٹہ ہو، تو آپکو ہر اضافی گھنٹے کے لیے آپکو ۱۵ ڈالر مل سکتے ہیں۔**
- اگر آپ کا آجر آپ کی تنخواہ سے رقم کاٹتا ہے، تو یہ کٹوتی ہے۔ آپ کی اجرتی دستاویز (جیسے "پے اسٹب" بھی کہتے ہیں) میں ہر کٹوتی کو ظاہر کرنا چاہیے۔ کٹوتیاں ان چیزوں کے لیے ہو سکتی ہیں جو آپ نے آزادانہ طور پر منتخب کی ہیں، جیسے صحت انشورنس یا یونین کی رکنیت کی فیس، اور کچھ ٹیکسز کے لیے بھی کٹوتیاں ضروری ہو سکتی ہیں۔
- عام طور پر آپ کا آجر آپ کی تنخواہ سے یا آپ سے یونیفارم، حفاظتی سامان، ضروری اوزار، سپلائی، سامان، یا بھرتی کی فیس وصول نہیں کر سکتا۔ کچھ ویزوں کے لیے، رہائش مفت فراہم کی جانی چاہیے۔
- آپ کا آجر آپ کو آپ کی تنخواہ، کام کے اوقات، اور دیگر حقوق کے بارے میں پوچھنے، شکایت درج کرنے، یا اجرت اور گھنٹے کی تحقیقات میں تعاون کرنے پر بدلہ لینے، ہراساں کرنے، دھمکانے، یا منفی کارروائی کرنے کا مجاز نہیں ہے۔
- اگر آپ کے اجرت یا تنخواہ کے بارے میں سوالات یا خدشات ہیں، تو ۹۲۴۳-۴۸۷-۸۶۶-۱ پر کال کریں یا مقامی اجرت اور گھنٹے کے دفتر سے رابطہ کریں:

dol.gov/agencies/whd/contact/local-offices

---

۱۔ موجودہ کم سے کم اجرت کے لیے dol.gov/whd/minimumwage.htm پر جائیں۔



**ٹپ:** آپ کے قیام کی مدت کے لحاظ سے، ممکن ہے کہ آپ کے لئے امریکہ میں رہتے ہوئے صحت انشورنس لینالازمی ہو۔ آپ صحت انشورنس کی لاگت کو کم کرنے کے لیے مالی امداد کے اہل بھی ہوسکتے ہیں۔

## ۲۔ صحت مند اور محفوظ کام کی جگہ پر کام کرنے کا حق

**محفوظ کام کی جگہ :** آپ کے آجر کی ذمہ داری ہے کہ آپ کی کام کی جگہ کو صحت مند اور محفوظ رکھا جائے۔

**تربیت :** آپ کے آجر کو آپ کو کام کے خطرات، چوٹ یا حادثات سے بچنے کے طریقے، اور آپ کی کام کی جگہ کے حفاظتی اور صحت کے قواعد کے بارے میں مناسب معلومات اور تربیت فراہم کرنی چاہیے۔ تربیت ایسی زبان میں ہونی چاہیے جو آپ سمجھتے ہوں۔

**ضروری حفاظتی سامان :** آپ کو ضروری حفاظتی سامان، جیسے دستانے یا گرنے سے بچاؤ کے لیے ہارنس اور لائف لائن، وصول کرنے کا حق ہے، اور آپ کے آجر کو آپ کو یہ سامان صحیح طریقے سے استعمال کرنے کا طریقہ سکھانا چاہیے۔

**کام سے متعلقہ چوٹوں اور بیماریوں کی رپورٹ کریں :** آپ کو چوٹ یا بیماری کی رپورٹ کرنے کا حق ہے، اور آپ کے آجر سے اپنے طبی ریکارڈز کو دیکھنے اور ان کی نقول حاصل کرنے کا حق ہے۔

**حفاظت اور صحت کے حوالے سے شکایت درج کریں :** اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کا کام غیر محفوظ ہے یا آپ کی صحت کے لیے خطرناک ہے، تو آپ (یا آپ کی طرف سے کوئی نمائندہ) آکیوپیشنل سیفٹی اینڈ ہیلتھ ایڈمنسٹریشن (او ایس ایچ اے) کے ساتھ ایک خفیہ شکایت درج کرسکتے ہیں۔ اگر ممکن ہو تو، آپ اپنے آجر کو غیر محفوظ حالات کے بارے میں بتاتے ہیں تو ایک اور ساتھی کارکن کو گواہ کے طور پر لانا اچھا خیال ہے، اور اپنے خدشات کو ٹیکسٹ میسج یا ای میل کے ذریعے بھی بیان کریں تا کہ تحریری ریکارڈ موجود ہو۔ آپ او ایس ایچ اے کے معائنہ کاروں سے نجی اور خفیہ طور پر بات کرسکتے ہیں اور کام کی جگہ کے خطرات کو تلاش کرنے کے لیے کیے گئے معائنوں یا ٹیسٹ کے نتائج دیکھ سکتے ہیں۔

**انتقامی کاروائی سے تحفظ :** آپ کام کی جگہ پر خطرات کے بارے میں آواز اٹھاسکتے ہیں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کا آجر آپ کو حفاظت اور صحت کے خطرات کے بارے میں خدشات ظاہر کرنے پر سزا دے رہا ہے، تو آپ کو او ایس ایچ اے کے ساتھ شکایت درج کرنے کا حق ہے۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو خدشات ظاہر کرنے پر سزا دی جارہی ہے، تو مبینہ سزا کے ۳۰ دنوں کے اندر شکایت درج کریں۔ مزید معلومات کے لیے درج ذیل ویب سائٹ پر جائیں:

**whistleblowers.gov**



**ٹِپ:** امریکہ جانے سے پہلے، مہاجر مزدور تنظیموں یا سابق مہاجر مزدوروں سے مشورہ لیں۔ وہ آپ کو ایسے افراد یا تنظیموں کے نام اور نمبر دے سکتے ہیں جن سے آپ امریکہ میں ہونے پر مسائل یا سوالات کی صورت میں رابطہ کر سکتے ہیں۔

**اوایس ایچ اے کارکن حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لیے درج ذیل ویب سائٹ پر جائیں:osha.gov/workers**

**طبی علاج :** اگر آپ کو ضرورت ہو تو آپ خود ڈاکٹر یا نرس سے مل سکتے ہیں۔ اگر آپ کو کام کی وجہ سے چوٹ لگتی ہے یا بیماری ہوتی ہے، تو آپ کے آجر کو آپ کے طبی اخراجات اور آپ کی کچھ متاثرہ تنخواہ ادا کرنی چاہیے۔ ڈاکٹر، کلینک، یا ہسپتال سے حاصل ہونے والے کسی بھی دستاویز کی نقول طلب کریں۔ زیادہ تر معاملات میں، آپ کام سے متعلقہ چوٹوں یا بیماریوں کے لیے مالی معاوضہ (ورکرز کمپنسیشن) کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، جو آپ کی کام کی جگہ والی ریاست میں ہو۔ اپنے مقامی دفتر کو تلاش کرنے کے لیے درج ذیل ویب سائٹ پر جائیں:

dol.gov/agencies/owcp/wc

**رہائش :** اگر آپ کا آجر رہائش فراہم کرتا ہے، تو یہ صاف اور محفوظ ہونی چاہیے۔ آپ کو اپنی رہائش سے آزادانہ طور پر جانے کی اجازت ہونی چاہیے۔

**باتھ روم :** باتھ روم صاف اور آسانی سے قابل رسائی ہونے چاہئیں۔ آپ کے آجر کو آپ کو باتھ روم استعمال کرنے کی اجازت دینی چاہیے جب بھی آپ کو ضرورت ہو، اور ہاتھ دھونے کے لیے پانی اور صابن یا صفائی کے دیگر سامان کے ساتھ صفائی کے لئے مناسب جگہ فراہم کرنی چاہئے۔

**پینے کا صاف پانی :** آپ کو مفت صاف پینے کا پانی وصول کرنے کا حق ہے۔

**درجہ حرارت: اوایس ایچ اے** کے تحت آجر کو آپ کو انتہائی درجہ حرارت سے بچانا چاہیے اور گرمی کی بیماریوں سے بچاؤ کے لیے حکمت عملی کا ہونا لازمی ہے۔

اگر آپ کیڑوں کی روک تھام کے سپرے یا خطرناک کیمیکلز کے ساتھ یا ان کے آس پاس کام کر رہے ہیں، تو آپ کے آجر کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ:

- آپ کے پاس ہاتھ دھونے کے لیے صابن اور پانی موجود ہو۔
- کام کے لیے درکار حفاظتی سامان (جیسے ریسپائریٹر یا دستانے) فراہم کرے اور آپ کو اسے صحیح طریقے سے استعمال کرنے کا طریقہ سکھائے۔



• آپ کو کام کی جگہ پر استعمال ہونے والے کیمیکلز کے حوالے سے معاوضہ دار تربیت دی جائے تا کہ آپ ان کیمیکلز کے خطرات کو سمجھ سکیں جن کے ساتھ آپ کام کر رہے ہیں۔

• آپ کو یہ بتایا جائے کہ کیمیکل کہاں اور کب چھڑ کا گیا ہے تا کہ حادثاتی طور پر متاثر ہونے سے بچا جا سکے اور یہ کہ کب ان علاقوں میں داخل ہونا محفوظ ہے۔ ان علاقوں سے بچیں جہاں کیڑوں کی روک تھام کا سپرے استعمال ہو رہا ہو۔

**اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کا کام غیر محفوظ ہے اور آپ معائنہ یا اپنے حقوق کے بارے میں مزید معلومات چاہتے ہیں، تو ۱-۸۶۶-۴-یو ایس اے-ڈی او ایل پر کال کریں یا محکمہ محنت کی ویب سائٹ dol.gov migrantworker.gov پر رابطہ کریں۔**

**اگر آپ ایچ-۲ اے کارکن ہیں اور آپ کے کام کی جگہ، رہائش، یا نقل و حمل کی صحت اور حفاظت کے بارے میں سوالات یا خدشات ہیں، تو ۱-۸۶۶-۴۸۷-۹۲۴۳ پر کال کریں یا مقامی اجرت اور گھنٹے کے دفتر سے رابطہ کریں: dol.gov/agencies/whd/contact/local-offices**

## ۳۔ یونین، تارکین وطن، اور مزدور حقوق کے گروپوں سے مدد طلب کریں

زیادہ تر معاملات میں، آپ کو درج ذیل حقوق حاصل ہیں:

• اپنے ساتھی کارکنوں کے ساتھ مل کر اپنے آجر سے بہتر اجرت یا کام کی حالات کا مطالبہ کرنے کا حق۔

• اپنی نوکری میں یونین بنانے، شامل ہونے، اور اس کی حمایت کرنے کا حق۔ **ان حقوق کے بارے میں مزید جاننے کے لیے درج ذیل ویب سائٹ پر جائیں:**

nlrb.gov

• بہتر اجرت یا کام کی حالات کے لیے عوامی تقریروں، ریلیوں، اور مظاہروں میں شرکت کا حق۔

## ۴۔ نوکری چھوڑنا

• اگر آپ کا آجر آپ کے ساتھ بد سلوکی کر رہا ہے یا اگر آپ خود کو محفوظ محسوس نہیں کرتے، تو آپ کو اپنی نوکری میں رہنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**آپ قومی انسداد انسانی اسمگلنگ ہاٹ لائن سے ۱-۸۸۸-۳۷۳-۷۸۸۸ پر رابطہ کر سکتے ہیں۔**

• اگر آپ اپنے آجر کو چھوڑتے ہیں، تو آپ کی امیگریشن کی حیثیت ختم ہو جائے گی، لیکن آپ اس حیثیت کو تبدیل کر سکتے ہیں یا کسی نئے آجر کے لیے کام کر سکتے ہیں جو آپ کو سپانسر کرے۔ اگر آپ کے آجر کی لیبر ایجنسی کے ذریعے تحقیقات ہو رہی ہیں، تو آپ کو عارضی طور پر ملازمت سے ہٹائے جانے سے تحفظ اور عارضی کام کی اجازت مل سکتی ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے درج ذیل ویب سائٹ پر جائیں: dhs.gov/enforcement-labor-and-employment-laws

چاہے آپ کی امیگریشن کی حیثیت کچھ بھی ہو، اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ اسمگلنگ کا شکار ہیں، تو آپ قومی انسانی اسمگلنگ ہاٹ لائن سے ۱-۸۸۸-۳۷۳-۷۸۸۸ پر مدد کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں، یا قومی لیبر ریلیشنز بورڈ سے ۱-۸۴۴-۷۶۲-۶۵۷۲ پر رابطہ کر کے ریجنل امیگریشن کو آرڈینیٹر سے بات کر سکتے ہیں۔

مزدوروں کے لیے مزید وسائل اور امریکی حکومت میں مخصوص خدشات کے لیے کس سے رابطہ کرنا ہے، اس کے لیے درج ذیل ویب سائٹ پر جائیں:
MigrantWorker.gov/TrabajadorMigrante.gov

## ۵۔ امتیاز اور ہراسانی سے آزادی

• آپ کا آجر آپ کے ساتھ عمر (اگر آپ ۴۰ سال یا اس سے زیادہ ہیں)، جنس، نسل، قومیت اور علاقائیت، رنگ، مذہب، جینیاتی معلومات (خاندانی طبی تاریخ سمیت)، یا معذوری کی بنیاد پر مختلف یا برا سلوک نہیں کر سکتا۔

• امتیازی سلوک کی شکایت درج کرنے کے لیے درج ذیل ویب سائٹ پر جائیں:
www.eeoc.gov/how-file-charge-employment-discrimination

• اگر آپ کو شہریت کی حیثیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا سامنا ہے، تو درج ذیل ویب سائٹ پر جائیں:
www.justice.gov/crt/filing-charge

• کوئی بھی آپ کو زبانی، جسمانی، یا جنسی طور پر ہراساں نہیں کر سکتا۔

## ۶۔ استحصال سے آزادی

• کسی کو بھی آپ کا جنسی استحصال کرنے کا حق نہیں ہے، جس میں جنسی طور پر چھونا، یا آپ کو کسی جنسی عمل جیسے بوسہ لینا، جنسی تعلقات، منہ کے ذریعے شہوانی عمل، یا قابل اعتراض جنسی مواد دیکھنے پر مجبور کرنا، دھوکہ دینا، یا زبردستی کرنا شامل ہے۔

• مزدور کے استحصال اور انسداد انسانی اسمگلنگ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے صفحہ ۱۲ دیکھیں۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے، تو اس کی رپورٹ قومی انسداد انسانی اسمگلنگ ہاٹ لائن کو ۱-۸۸۸-۳-۷۳-۷۸۸۸ پر کریں (امریکہ کے اندر)، یا اس پمفلٹ کے صفحات ۱۵ اور ۱۶ پر درج ویب سائٹس میں سے کسی ایک پر جائیں۔ اگر آپ انگریزی نہیں بولتے، تو مترجم کی درخواست کریں۔





**ٹِپ: آپ کے آجر، ٹھیکیدار، یا بھرتی کرنے والے کی طرف سے دیا گیا قانونی مشورہ جانبدار ہو سکتا ہے۔ ایک آزاد وکیل سے مشورہ حاصل کریں۔**

## غیر امیگرنٹ حیثیت پر مبنی اضافی حقوق

### اے-۳، جی-۵، نیٹو-۷، اور بی-۱ گھریلو ملازم

آپ کے آجر کو آپ کو ایک کام کا معاہدہ فراہم کرنا چاہیے جو امریکی قانون کے مطابق ہو، بشمول درج ذیل تقاضے:

- معاہدہ ایسی زبان میں ہو جو آپ سمجھتے ہوں۔
- آپ کی فی گھنٹہ اجرت کا ذکر ہو، جو وفاقی، ریاستی، یا مقامی کم سے کم اجرت میں سے سب سے زیادہ ہونی چاہیے۔
- یہ بیان ہو کہ آجر مفت رہائش اور کھانا فراہم کرے گا (اگر آپ آجر کی رہائش گاہ پر رہ رہے ہوں)، اور دو طرفہ ہوائی سفر کا کرایہ فراہم کرے گا۔
- یہ بیان ہو کہ آجر کو آپ کی نوکری ختم کرنے سے پہلے کتنا وقت دینا ہو گا، اور اگر آپ نوکری چھوڑنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو آپ کو آجر کو کتنا وقت دینا ہو گا۔
- امریکی گھریلو ملازمین کے لیے درکار دیگر فوائد جیسے معاوضہ دار وقفے، بغیر تنخواہ کے بیماری کی صورت میں چھٹی، اور کارکنوں کا معاوضہ شامل ہوں۔

**اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ معاہدے کو سمجھتے ہیں اور اس کی ایک نقل حاصل کریں۔ اگر آپ معاہدے کی زبان نہیں سمجھتے، تو اس پر دستخط نہ کریں۔**

### اے-۳، جی-۵، اور نیٹو-۷ گھریلو ملازمین کے لیے اضافی تقاضے

**کم از کم، معاہدے میں درج ذیل شامل ہونا چاہیے:**

- آپ کے آجر کا یہ وعدہ کہ وہ تمام امریکی قوانین پر عمل کرے گا۔
- یہ معلومات کہ آپ کو کتنی بار تنخواہ ملے گی، آپ کو تنخواہ کیسے ملے گی، آپ کے کام کے فرائض، ہفتہ وار کام کے اوقات، تعطیلات، بیماری کی صورت میں چھٹی، اور چھٹی کے دن کون سے ہیں۔
- آپ کے آجر کا یہ وعدہ کہ وہ آپ کا پاسپورٹ، کام کا معاہدہ، یا دیگر ذاتی سامان آپ سے ضبط نہیں کرے گا۔



## ایچ-۲اے عارضی زرعی کارکن ویزا

• آپ کو نوکری حاصل کرنے کے لیے کبھی بھی فیس ادا نہیں کرنی چاہیے۔ اگر کوئی آپ سے فیس طلب کرے، اور اگر آپ اپنے ملک میں ہیں تو اپنے مقامی امریکی سفارت خانے یا قونصل خانے سے رابطہ کریں، یا اگر آپ امریکہ میں ہیں تو اجرت اور اوقات کار ڈویژن سے ۹۲۴۳-۴۸۷-۸۶۶-۱ پر رابطہ کریں۔

• آپ کا آجر یا آجر کے ساتھ کام کرنے والا کوئی بھی شخص آپ کو قرض میں ڈالنے یا قرض ادا کرنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔ **اگر ایسا ہوتا ہے، اور اگر آپ امریکہ میں ہیں تو قومی انسداد انسانی اسمگلنگ ہاٹ لائن سے ۷۸۸۸-۳۷۳-۸۸۸-۱ پر کال کریں، یا اگر آپ اپنے ملک میں ہیں تو اپنے مقامی امریکی سفارت خانے یا قونصل خانے سے رابطہ کریں۔**

آپ کے آجر پر لازم ہے کہ:

• آپ کو کم از کم مہینے میں دو بار آپ کے تمام کام کی ادائیگی کرنی چاہیے، جو آپ کے کام کے آرڈر یا معاہدے میں درج شرح کے مطابق ہو، اور آپ کے کام کے معاہدے کے مطابق اوقات کے دوران سر انجام دیا گیا ہو۔ اجرت کی شرح وفاقی، ریاستی، یا مقامی کم سے کم اجرت سے زیادہ ہو سکتی ہے۔

• آپ کو بھرتی کی جگہ سے کام کی جگہ تک نقل و حمل اور اس سفر کے دوران روزانہ کھانے کے اخراجات فراہم کرنا یا ادا کرنا چاہیے، یا آپ کو ان اخراجات کی واپسی کرنی چاہیے جب آپ اپنے کام کے معاہدے کے مطابق کام کے نصف وقت کو پورا کر لیں۔

• اگر آپ کی تنخواہ اخراجات کے بغیر امریکی کم سے کم اجرت سے کم ہو، تو پہلے کام کے ہفتے میں آپ کے کام کی جگہ تک سفر اور ویزا کے اخراجات کی واپسی کرنی چاہیے۔

**اگر آپ ایچ-۲اے یا ایچ-۲بی کارکن ہیں اور آپ کے اپنے حقوق کے بارے میں سوالات یا خدشات ہیں، تو ۹۲۴۳-۴۸۷-۸۶۶-۱ پر کال کریں یا مقامی اجرت اور اوقات کار کے دفتر سے رابطہ کریں: www.dol.gov/agencies/whd/contact/local-offices**

## ایچ-۲اے عارضی زرعی کارکنوں کے لیے:

آپ کے آجر پر لازم ہے کہ:

• آپ کو ایک تحریری کام کا معاہدہ فراہم کرنا چاہیے جو آپ کی سمجھ میں آنے والی زبان میں درج ہو۔ اس میں آپ کی تنخواہ، نوکری کی مدت، کام کے اوقات، فوائد (جیسے نقل و حمل، رہائش اور کھانا یا کھانا پکانے کی سہولیات)، اور آپ کی تنخواہ سے کٹوتیوں کی تفصیلات شامل ہونی چاہئیں۔ جب آپ ایچ-۲اے نوکری پر کام کر رہے ہوں، تو آپ کی تنخواہ سے امریکی سوشل سیکیورٹی اور طبی امداد کے لیے کٹوتیاں نہیں ہونی چاہئیں۔



• آپ کو مفت، محفوظ اور صاف رہائش فراہم کرنا چاہیے۔

• آپ کو فراہم کردہ رہائش سے کام کی جگہ تک مفت نقل و حمل فراہم کرنا چاہیے۔

• لائسنس یافتہ ڈرائیورز کے ذریعے محفوظ نقل و حمل کا ذریعہ فراہم کرنا چاہیے، جو مناسب انشورنس والی گاڑیوں میں ہوں اور تمام ضروری حفاظتی سامان کے ساتھ لیس ہوں۔

• روزانہ ۳ بار کھانا فراہم کرنا چاہیے، یا کھانا پکانے کی جگہ جو مفت اور آسانی سے استعمال کے لیے دستیاب ہو۔

• آپ کو سرکاری کارکنوں یا قانونی نمائندوں سے ملنے سے روکنا یا سزا نہیں دینا چاہیے جو آپ کو آپ کے حقوق کے بارے میں بتا سکتے ہیں اور شکایات درج کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

• کام کی جگہ سے آپ کے ملک میں گھر تک نقل و حمل، رہائش، اور کھانے کے اخراجات فراہم کرنا یا ادا کرنا چاہیے، جب آپ اپنے کام کے معاہدے میں درج مدت کو پورا کر لیں۔

• آپ کو کام کے معاہدے میں درج کم از کم ۳/۴ کام کے دنوں کے لیے کام کی پیشکش کرنا چاہیے، یا ان گھنٹوں کے عوض بھی ادائیگی کرنی چاہیے جن کے دوران کام کی پیشکش نہیں کی گئی۔

## ایچ-۲بی عارضی غیر زرعی کارکنوں کے لیے:

آپ کے آجر کو چاہیے کہ:

• آپ کو ایک تحریری کام کا آرڈر یا معاہدہ فراہم کیا جائے جو آپ کی سمجھ میں آنے والی زبان میں ہو۔ اس میں آپ کی تنخواہ، نوکری کی مدت، کام کے اوقات، آجر کی طرف سے رضاکارانہ طور پر فراہم کردہ فوائد (جیسے نقل و حمل، رہائش اور کھانا یا کھانا پکانے کی سہولیات)، اور آپ کی تنخواہ سے کٹوتیوں کی تفصیلات شامل ہونی چاہئیں۔

• اگر آپ اپنے کام کے معاہدے میں درج مدت کو پورا کر لیں یا آجر آپ کو نوکری کی مدت ختم ہونے سے پہلے نوکری سے ہٹا دے، تو کام کی جگہ سے آپ کے ملک میں گھر تک نقل و حمل، رہائش، اور کھانے کے اخراجات ادا کرنا چاہیے۔

## جے-۱ ایکسچینج وزٹر ویزا

• آپ کا دستخط شدہ فارم ڈی ایس-۲۰۱۹ آپ کے پروگرام کی تاریخوں، پروگرام کی نوعیت، آپ کے سپانسر کا نام، اور جہاں آپ کا ایکسچینج پروگرام ہوگا، کی وضاحت کرتا ہے۔ آپ کے سپانسر کو آپ کے پروگرام کے دوران فارم ڈی ایس-۲۰۱۹ کو تازہ ترین معلومات کی مطابق رکھنا چاہیے تاکہ فنڈنگ، سرگرمی کی جگہ، اور پروگرام کی تاریخوں میں کسی بھی تبدیلی کو ظاہر کیا جاسکے۔




ٹِپ: آپ کے آجر کو آپ کو وقت پر تنخواہ ادا کرنی چاہیے۔ امریکہ میں عام طور پر ملازمین کو ہر دو ہفتے بعد تنخواہ دی جاتی ہے، حالانکہ آپ کی ادائیگی کا شیڈول آپ کے کام کے معاہدے کے مطابق مختلف ہو سکتا ہے۔

- آپ کے سپانسر کو آپ کے ایکسچینج پروگرام کے تمام اخراجات، شرائط، اور قواعد کی وضاحت کرنی چاہیے، بشمول آپ کے کام کی متفقہ تحریری تفصیل، آپ کو کتنی تنخواہ ملے گی، اور آپ سے کتنے گھنٹے کام کی توقع کی جاتی ہے (اگر لاگو ہو)۔ **اگر آپ کو صحت، حفاظت، یا بہبود سے متعلق فوری خدشات ہیں، تو براہ کرم جے-ویزا ایمرجنسی ہاٹ لائن سے رابطہ کریں: ۹۰۹۰-۲۸۳-۸۶۶-۱۔ عام سوالات یا مسائل کے لیے براہ کرم ای میل کریں:**

jvisas@state.gov

- آپ کے سپانسر کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ آپ کے پاس طبی، وطن واپسی، اور ہنگامی انخلا کیلئے انشورنس موجود ہے، لیکن انہیں اسے فراہم کرنے یا اس کی ادائیگی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

## موسم گرما کے دوران پیشہ ورانہ سفر / سمر ورک ٹریول

اگر آپ ویزا فری ملک سے ہیں اور بغیر نوکری کے امریکہ پہنچے ہیں، تو آپ کے سپانسر کو امریکہ میں ایک ہفتے کی تلاش کے بعد نوکری تلاش کرنے میں مدد فراہم کرنی چاہیے۔ سپانسرز کو تمام سمر ورک ٹریول شرکاء کو بھی معقول مدد فراہم کرنی چاہیے جو اپنے پروگرام کے دوران نوکری تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔ سپانسرز کو تمام سمر ورک ٹریول پروگرام شرکاء کی ابتدائی اور کسی بھی اضافی نوکری کی جگہوں کا جائزہ لینا اور تصدیق کرنا چاہیے، جیسا کہ پروگرام کے قواعد میں بیان کیا گیا ہے، اس سے پہلے کہ شرکاء کام شروع کر سکیں۔

## زیرِ تربیت عملہ یا انٹرن یا ٹرینی

آپ کے سپانسر کو آپ کو ایک ٹریننگ / انٹرن شپ پلیسمنٹ پلان (فارم ڈی ایس-۷۰۰۲) فراہم کرنا چاہیے جس میں آپ کی آمدنی کی تحریری تفصیل اور پروگرام کے تربیتی اہداف کا خلاصہ شامل ہو۔ آپ کو ہفتے میں کم از کم ۳۲ گھنٹے کام ملنا چاہیے۔

آپ کے سپانسر کو آپ کو ایک تحریری بیان فراہم کرنا چاہیے جس میں آپ کو ادا کرنے والے اخراجات اور فیسز، اور امریکہ میں رہنے کے اخراجات کا تخمینہ شامل ہو۔

آپ کے سپانسر کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ آپ کے پاس طبی، ہنگامی انخلا، اور وطن واپسی انشورنس موجود ہے، لیکن انہیں اسے فراہم کرنے یا ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔



## نگہداشت پر مامور معاون یا او پیئر:

آپ کے میزبان خاندان کو آپ کو پوسٹ سیکنڈری ادارے میں کلاسز کے لیے اندراج کرنے اور ان کلاسز میں شرکت کرنے میں مدد فراہم کرنی چاہیے اور ان کلاسز کے اخراجات کے لیے ۵۰۰ ڈالر ادا کرنا چاہیے۔ اگر آپ ایڈوکیئر او پیئر ہیں، یعنی ایسے معاون جو تعلیمی اور عام نگہداشت مہیا کرے، تو آپکے میزبان خاندان کو ان کلاسز کے اخراجات کے لیے ۱۰۰۰ ڈالر تک ادا کرنا چاہیے۔

آپ کو روزانہ ۱۰ گھنٹے یا ہفتے میں ۴۵ گھنٹے سے زیادہ کام نہیں کرنا پڑے گا۔ اگر آپ ایڈوکیئر او پیئر ہیں، تو آپ کو روزانہ ۱۰ گھنٹے یا ہفتے میں ۳۰ گھنٹے سے زیادہ کام نہیں کرنا پڑے گا۔

آپ کے مقامی کونسلر کو ہر مہینے آپ سے رابطہ کرنا چاہیے اور باقاعدگی سے آپ کے میزبان خاندان کے ساتھ رابطہ رکھنا چاہیے۔

## آپ کا غیر امیگرنٹ ویزا

غیر امیگرنٹ ویزا ایک امریکی سرکاری دستاویز ہے جو لوگوں کو امریکہ آنے کی اجازت دیتا ہے، جیسے کام کرنے، تعلیم حاصل کرنے، یا ثقافتی تبادلہ پروگرام میں شامل ہونے کے لیے۔ **آپ کو امریکی سفارت خانے یا قونصل خانے سے ویزا کے لیے درخواست دینی ہوگی** (نوٹ: کینیڈین شہری جے-1 حیثیت کے لیے داخلے کی درخواست داخلے کی امریکی سرحد پر دیتے ہیں)۔ ایک بار ویزا ملنے کے بعد، آپ امریکہ سفر کر سکتے ہیں اور داخلے کے لیے اسے امریکی امیگریشن افسر ("سی بی پی افسر") کو دکھا سکتے ہیں۔ اگر آپ کا ویزے کی مدت ختم ہو جاتی ہے، تو آپ کو امریکہ واپس آنے سے پہلے نیا ویزا حاصل کرنا ہو گا۔ ویزا درخواست کے عمل اور آپ کے امریکی ویزا کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے درج ذیل ویب سائٹ پر جائیں:

**usvisas.state.gov**

جب سی بی پی افسر آپ کو امریکہ میں داخل کرتا ہے، تو فارم آئی-۹۴ الیکٹرانک طور پر تیار کیا جائے گا (کبھی کبھی یہ کاغذی دستاویز بھی ہو سکتا ہے)۔ فارم آئی-۹۴ آپ کے داخلے کی تاریخ، ویزا کی نوعیت اور وہ تاریخ درج کرے گا جس تک آپ کو امریکہ چھوڑنا ہو گا۔ قانونی طور پر رہنے کے لیے آپ کو "داخلے کی تاریخ" سے پہلے امریکہ چھوڑنا ہو گا، جب تک کہ آپ یو ایس سٹیزن شپ اینڈ امیگریشن سروسز (یو ایس سی آئی ایس) کے ساتھ قیام کی توسیع کے لیے درخواست نہ دیں۔ **آپ اپنا آئی-۹۴ ریکارڈ درج ذیل ویب سائٹ پر چیک کر سکتے ہیں: http://i94.cpb.dhs.gov**




## انسانی اسمگلنگ

انسانی اسمگلنگ، جسے افراد کی اسمگلنگ کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، ایک سنگین جرم ہے جس میں لوگ زور زبردستی ر، دھوکہ دہی، یا جبر کا استعمال کرتے ہیں تاکہ کسی دوسرے شخص کو مزدوری یا خدمات فراہم کرنے پر مجبور کیا جاسکے، یا کسی تجارتی جنسی عمل میں شامل کیا جاسکے۔ اگر ۱۸ سال سے کم عمر کا کوئی شخص کسی تجارتی جنسی عمل میں شامل ہو، تو یہ انسانی اسمگلنگ سمجھا جاتا ہے چاہے زور، دھوکہ دہی، یا جبر کا استعمال نہ بھی کیا گیا ہو۔ تجارتی جنسی عمل کا مطلب ہے کہ جنسی عمل کے بدلے کسی بھی چیز کی قدر (جیسے رہائش، تحفظ، کھانا، پیسہ) کا تبادلہ کیا جائے۔

**قومی انسداد انسانی اسمگلنگ ہاٹ لائن ضروری خدمات اور مقامی مدد کے لیے رہنمائی فراہم کر سکتی ہے۔ اگر آپ یا آپ کا کوئی جاننے والا درج ذیل میں سے کسی ایک یا زیادہ صورتحال کا سامنا کر رہا ہو، تو قومی انسداد انسانی اسمگلنگ ہاٹ لائن سے ۸۸۸-۳۷۳-۷۸۸۸-۱ پر رابطہ کریں:**

### دھمکایا جانا یا خوف

کوئی بھی دھمکیوں، خوف، اور دیگر قسم کے دباؤ کا استعمال کر کے آپ یا دوسروں کو یہ محسوس نہیں کرواسکتا کہ وہ جانے کی کوشش کرنے سے ڈریں۔

مثال کے طور پہ:

- آپ یا دوسروں کو مارنا، جسمانی طور پر نقصان پہنچانا، یا جنسی طور پر زیادتی کرنا۔
- آپ یا دوسروں کو نقصان پہنچانے یا زیادتی کرنے کی دھمکی دینا۔
- آپ کو اپنے کام یا رہائش سے جانے سے روکنا۔
- آپ یا آپ کی دیکھ بھال کرنے والے کسی شخص کی دوائیوں تک رسائی کو روکنا یا منع کرنا، کسی بھی وجہ سے۔

• اگر آپ بد سلوکی کی شکایت کریں، صورتحال کی رپورٹ کریں، یا مدد طلب کریں، تو آپ یا آپ کے خاندان کو نقصان پہنچانے، ملک بدر کرنے، یا گرفتار کرنے کی دھمکی دینا۔

• جن لوگوں نے جانے، شکایت کرنے، صورتحال کی رپورٹ کرنے، یا مدد حاصل کرنے کی کوشش کی ہے، انہیں نقصان پہنچانا۔ یا

• لوگوں کو بلیک لسٹ کرنے کی دھمکی دینا تاکہ وہ دوبارہ امریکہ میں کام نہ کر سکیں۔

## قرض ادا کرنے کے لیے کچھ کرنے پر مجبور کیا جانا

کوئی شخص آپ کو مزدوری، خدمات، یا تجارتی جنسی عمل فراہم کرنے یا جاری رکھنے پر مجبور نہیں کر سکتا، یا آپ کو جانے سے نہیں روک سکتا۔ کوئی شخص آپ کا قرض اچانک تبدیل نہیں کر سکتا تاکہ اسے ادا کرنا آپ کے لیے مشکل ہو جائے، یا آپ کو یہ سوچنے پر مجبور نہیں کر سکتا کہ آپ کو قرض ادا ہونے تک کام کرتے رہنا ہوگا۔ مثال کے طور پر:

• یہ کہنا کہ آپ پر ایک بہت بڑی رقم قرض ہے جو معقول وقت میں ادا کرنا مشکل ہے۔

• یہ دعویٰ کرنا کہ آپ پر اس سے زیادہ رقم قرض ہے جس پر آپ نے اتفاق کیا تھا، یا ان چیزوں کے بدلے جن پر آپ نے پہلے اتفاق نہیں کیا تھا۔

• نقل و حمل، رہائش، کھانے، اور دیگر اخراجات کے لیے اجرت شامل کرنا جن پر آپ نے پہلے اتفاق نہیں کیا تھا۔ اور

• قواعد توڑنے، کافی کمائی نہ کرنے، یا کافی مزدوری، خدمات، یا تجارتی جنسی عمل نہ کرنے پر اجرت، جرمانے، یا سزائیں شامل کرنا۔

**ٹِپ:** اپنے آجر کی طرف سے کیے گئے کسی بھی نامناسب تبصرے اور / یا کارروائی کی تفصیلی تحریری ریکارڈ رکھیں، اور اس کے ساتھ کسی بھی ممکنہ گواہان کے نام اور فون نمبر لکھ لیں۔

## نوکری چھوڑنے، آواز اٹھانے، یا مدد مانگنے سے روکا جانا

لوگ آپ یا دوسروں کو نوکری چھوڑنے، آواز اٹھانے، یا مدد حاصل کرنے سے نہیں روک سکتے۔ مثالیں شامل ہیں: یہ کہنا کہ آپ کام کی جگہ نہیں چھوڑ سکتے، یا جب آپ کام نہیں کر رہے ہوتے تو آپ کی نقل و حرکت کی آزادی کو محدود کرنا۔

• آپ کو ہمیشہ اپنے پاسپورٹ، ویزا، پیدائشی سرٹیفکیٹ، یا دیگر شناختی دستاویزات تک رسائی ہونی چاہیے۔ کسی کو بھی یہ چیزیں آپ سے لینے کا کوئی اختیار نہیں ہے۔

• جب آپ کو ضرورت ہو تو آپ کے پاس مناسب کھانا، آرام، نیند، یا طبی مدد موجود ہونی چاہیے۔ کسی کو بھی ان چیزوں کو محدود نہیں کرنا چاہیے۔ اور

• آپ کو اپنے خاندان، کام پر موجود دیگر لوگوں، گاہکوں، یا کسی اور سے بات کرنے کی آزادی ہونی چاہیے جیسے قانونی یا سماجی خدمات کے کارکن۔ کسی کو بھی آپ کو آزادانہ بات چیت کرنے سے نہیں روکنا چاہیے یا آپ کی باتوں کی نگرانی نہیں کرنی چاہیے۔

## آپ سے غلط بیانی

کوئی بھی آپ سے جھوٹ بول کر یا دھوکہ دے کر آپ سے کام یا تجارتی جنسی عمل نہیں کروا سکتا۔ جھوٹ اور دھوکے کی مثالیں شامل ہیں:

• کام کی نوعیت، کام کے اوقات، کام کے حالات، رہائشی حالات، یا تنخواہ کے بارے میں جھوٹے وعدے کرنا۔

• آپ سے وعدے سے کہیں زیادہ گھنٹے کام کروانا، بدتر حالات میں کام کروانا، یا کم تنخواہ دینا۔

• آپ کو یہ بتانا کہ آپ کے کوئی حقوق نہیں ہیں۔

• آپ کو یہ بتانا کہ اگر آپ جانے کی کوشش کریں گے یا مدد مانگیں تو آپ کی بات نہیں مانی جائے گی یا آپ کو ملک بدر کر دیا جائے گا۔ یا

• آپ کو اپنے آجر یا دیگر کارکنوں کے بارے میں جھوٹ بولنے کو کہنا۔

• جھوٹے وعدوں میں، مثال کے طور پر، یہ کہنا کہ آپ کو ایک ہنر مند نرس کی نوکری ملے گی، لیکن پھر آپ سے نرسنگ ہوم کی صفائی کروانا۔ یا یہ کہنا کہ آپ بچوں کی نگہداشت کے لئے آیا بنیں گی اور پھر آپ سے ہیجانی رقص یا تجارتی جنسی عمل کروانا۔

## کیا آپ کا آجر آپ کو بدسلوکی کی رپورٹ کرنے پر ملک بدر کر سکتا ہے؟

بدسلوکی یا زیادتی کی رپورٹ کرنے والے لوگوں کی حفاظت کے لیے مخصوص پروگرام موجود ہیں۔ یہ پروگرام آپ کو امریکہ میں رہنے کی اجازت دے سکتے ہیں چاہے آپ اپنے آجر کو چھوڑ دیں۔ آپ کو مدد طلب کرنے سے نہیں ڈرنا چاہیے چاہے آپ کو امیگریشن کے حوالے سے خدشات ہوں۔ **قومی انسانی اسمگلنگ ہاٹ لائن سے ۱-۸۸۸-۳۷۳-۷۸۸۸ پر کال کریں تاکہ آپ اپنے اختیارات کو سمجھ سکیں۔** قومی انسانی اسمگلنگ ہاٹ لائن حکومت یا قانون نافذ کرنے والے اداروں کے زیرِ انتظام کام نہیں کرتی۔




**ٹپ:** ایک بار جب آپ امریکہ پہنچ جائیں، تو اپنا پاسپورٹ اور دیگر سفری دستاویزات ایک محفوظ جگہ پر رکھیں جہاں آپ ہر وقت ان تک رسائی حاصل کر سکیں۔ آپ کے آجر کا آپ کا پاسپورٹ لینا غیر قانونی ہے۔

## مندرجہ ذیل کے بارے میں مزید معلومات کے لیے:

• ویزا درخواست کے عمل اور آپ کے امریکی ویزا کے لیے:usvisas.state.gov

• انسانی اسمگلنگ کے بارے میں: www.state.gov/j/tip

• جے-اویزا ایکسچینج وزٹر پروگرام کے بارے میں: j1visa.state.gov

• مساوات، اور کام کی جگہ پر آپ کے حقوق کہ آپ کو نسل، رنگ، مذہب، جنس (حمل سمیت)، قومیت، عمر (۴۰ یا اس سے زیادہ)، معذوری یا جینیٹک معلومات کی بنیاد پر امتیازی سلوک سے آزاد رہیں، اور امتیازی سلوک کی شکایت درج کرنے کے لیے: www.eeoc.gov

• آپ کے کام کی جگہ کی حفاظت کے حقوق، یا اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کا کام غیر محفوظ ہے اور آپ معائنہ کی درخواست کرنا چاہتے ہیں:

www.osha.gov

• یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ کے آجر کی طرف سے آپ کی غیر اداشدہ تنخواہ وصول کی گئی ہے: webapps.dol.gov/wow

• آپ کے منصفانہ تنخواہ پانے کے حقوق:www.dol.gov/WHD/immigration

• تنخواہ کی شکایت درج کرنے کا طریقہ:

https://www.dol.gov/agencies/whd/contact/complaints

• آپ کا حق کہ آپ کو شہریت کی حیثیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا سامنا نہ ہو، اور امتیازی سلوک کی شکایت درج کرنے کا طریقہ:

www.justice.gov/crt/filing-charge

• دیگر کارکنوں کے ساتھ مل کر اپنی تنخواہ یا کام کی حالات کو بہتر بنانے کا حق، بشمول شکایت درج کرنے کا طریقہ:

www.nlrb.gov

• صحت انشورنس کے لیے آپ کے حقوق، ذمہ داریاں، اور مستثنیات:

localhelp.healthcare.govانگریزی زبان کیلئے اور

ayudalocal.cuidadodesalud.govہسپانوی زبان کیلئے

• اگر آپ کسی جرم کا شکار ہیں تو آپ کے حقوق۔ جرم کے متاثرین کے حقوق کا قانون:

https://www.justice.gov/criminal/criminal-vns/victim-rightsderechos-de-las-v-ctimas

• آئی-۹۴:https://i94.cbp.dhs.gov/I94

• ممکنہ آجر کی درخواست کی حیثیت، یو ایس سی آئی ایس کیس کی حیثیت آن لائن:https://egov.uscis.gov

• انسانی اسمگلنگ کے بارے میں یو ایس سی آئی ایس کے وسائل:

https://www.dhs.gov/blue-campaign/resources-availablevictims

https://www.uscis.gov/humanitarian/victims-of-humantrafficking-and-other-crimes

• یو ایس سی آئی ایس کے پروگرام جو کارکنوں کو امیگریشن فوائد فراہم کرتے ہیں، جیسے ٹی اور یو غیر امیگرنٹ حیثیت:

https://www.uscis.gov/humanitarian/victims-of-humantrafficking-and-other-crimes

• اگر اسمگلنگ کے خدشات ہوں، تو پناہ گزین فوائد اور کیس مینجمنٹ خدمات کے لیے، آفس آن ٹریفکنگ ان پرسنز (او ٹی آئی پی) سے رابطہ کریں:

https://www.acf.hhs.gov/otip/victimassistance/childeligibility-letters

https://www.acf.hhs.gov/otip/victim-assistancecertification

عام مہاجر کارکنوں کے سوالات اور وسائل کے لیے (۸ زبانوں میں دستیاب، بشمول انگریزی، ہسپانوی، عربی، چینی، ہیشئن کریول، پرتگالی، ویتنامی، اور ٹیگالوگ): MigrantWorker.gov

یا TrabajadorMigrante.gov پر جائیں۔

U.S. DEPARTMENT of STATE

**ٹِپ:** یہ ایک اچھا خیال ہے کہ آپ اپنے کام کے تمام اوقات کا تحریری ریکارڈ رکھیں۔ ایک نوٹ بک حاصل کریں اور اس میں تمام دن اور گھنٹے لکھیں جو آپ نے کام کیا، آپ کو کتنی تنخواہ ملی، آپ کو ادائیگی کی تاریخیں، آپ کی تنخواہ سے لی گئی کٹوتیاں، اور ان کٹوتیوں کی وجوہات۔

## ہفتہ وار کام کے جدول کا نمونہ

| ملازم: | | نگران: | |
|---|---|---|---|
| **تاریخ:** | **سرگرمیاں:** | **اوقات کار:** | **ادائیگی:** |
| | | آمد: | |
| | | رخصت: | |
| | | کل گھنٹے: | |
| | | | |

| ملازم: | | نگران: | |
|---|---|---|---|
| **تاریخ:** | **سرگرمیاں:** | **اوقات کار:** | **ادائیگی:** |
| | | آمد: | |
| | | رخصت: | |
| | | کل گھنٹے: | |
| | | | |

| ملازم: | | نگران: | |
|---|---|---|---|
| **تاریخ:** | **سرگرمیاں:** | **اوقات کار:** | **ادائیگی:** |
| | | آمد: | |
| | | رخصت: | |
| | | کل گھنٹے: | |
| | | | |



# THE UNITED STATES *of* AMERICA



اس پمفلٹ کا آن لائن ورژن اور اس کے ساتھ والی ویڈیو دیکھنے کے لیے،
اپنے اسمارٹ فون کیمرے سے اس کیو آر کوڈ کو اسکین کریں، اور ظاہر ہونے
والے لنک کو کھولیں

U.S. DEPARTMENT *of* STATE

یہ پمفلٹ ولیم ولبر فورس ٹریفکنگ وکٹمز پروٹیکشن ری آتھرائزیشن ایکٹ ۲۰۰۸، پبلک لاء ۱۱۰-۴۵۷ کے سیکشن ۲۰۲ کے تحت تیار کیا گیا ہے۔